# بلوچستان صوبائی اسمبلی

## بروز جمعہ مورخہ 6/اگست 2021ء

## نشان زدہ سوالات اورانکے جوابات

## (1)محکمہ زراعت(2)محکمہ ایکسائزاینڈٹیکسیشن

☆296 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ18اگست2020**

کیاوزیرزراعت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ **24مارچ 2021 کوموخرشدہ**

محکمہ زراعت میں اگست 2018 تا تاحال تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت،عہدہ،گریڈاورلوکل/ ڈومیسائل کی ضلعووارتفصیل دی جائے۔

**وزیرزراعت** **جواب موصول ہونے کی تاریخ3اگست 2021**

اس ضمن میں عرض ہے کہ بلوچستان زرعی کالج کوئٹہ میں اگست 2018 تاحال تعینات کیئے گئے ملازمین کے نام بمعہ ولدیت عہدہ،گریڈاورلوکل/ ڈومیسائل کی ضلع وارتفصیل آخر پرمنسلک ہے۔

☆377 **میر زابدعلی ریکی رُکن اسمبلی** **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ13اکتوبر2020**

کیاوزیرزراعت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

وفاقی حکومت کی جانب سے مالی سال2018.2019 تا 2020.2021 کے دوران حکومت بلوچستان کومحکمہ زراعت سے متعلق کل کتنے پراجیکٹس اورترقیاتی اسکیمات کیلئے فنڈفراہم کیا گیا اوران کیلئے وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ فنڈکی پراجیکٹ واسکیم وارتفصیل دی جائے نیزضلع واشک کے اسکیمات اور پراجیکٹس کیلئے جاری کردہ فنڈکی تفصیل بھی بمعہ نام اسکیم،علاقہ اورتاحال خرچ کردہ رقم کے دی جائے۔

**وزیرزراعت** **جواب موصول ہونے کی تاریخ25نومبر 2020**

جواب آخرپرمنسلک ہے۔

☆423 **حاجی محمد نواز خان کاکڑ رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 اپریل 2021

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 25 مئی 2021 کو موخر شدہ

جنوری 2015 تا 2020 کے دوران زراعت سے متعلق پایہ تکمیل کو پہنچائے جانیوالی اسکیمات کی ضلعوار تفصیل دی جائے نیز سال 2018 تا 2020 کے دوران پایہ تکمیل کو پہنچائے جانیوالی وفاقی منصوبوں کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر زراعت** جواب موصول ہونے کی تاریخ 6 جون 2021

جواب ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں

☆424 **حاجی محمد نواز خان کاکڑ رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 2 اپریل 2021

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 25 مئی 2021 کو موخر شدہ

سال 2015 تا 2020 کے دوران صوبہ کے زمینداروں کے زرعی اراضیات پر ٹیوب ویل تنصیب کرنے، پی وی سی پائپ بچھانے، تالاب و نالیاں تعمیر کرنے اور ڈراپ/ قطراتی سسٹم وغیرہ کے مدات میں آمدہ لاگت کی مد وضلعوار تفصیل بمعہ نام زمیندار اور یونین کونسل کے دی جائے۔

**وزیر زراعت** جواب موصول ہونے کی تاریخ 6 جون 2021

جواب ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں

☆435 **ملک نصیر احمد شاہوانی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 12 اپریل 2021

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 25 مئی 2021 کو موخر شدہ

حال ہی میں محکمہ زراعت میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ اور لوکل/ ڈومیسائل کی ضلعوار تفصیل دی جائے نیز ریکروٹمنٹ کمیٹی کے چیئرمین وممبران کے نام اور عہدہ کی تفصیل بھی دی جائے

**وزیر زراعت** جواب موصول ہونے کی تاریخ 30 جون 2021

موجودہ دور حکومت میں محکمہ زراعت توسیع، زرعی انجینئرنگ اور کوآپریٹو سوسائٹیز میں گریڈ 1 تا 15 میں کوئی بھی تعیناتی

عمل میں نہیں لائی گئی ہے جبکہ ریسرچ ونگ میں دستیاب ریکارڈ کے مطابق اورزرعی کالج کوئٹہ میں اگست 2018 تا حال تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ اور لوکل/ ڈومیسائل نیز ریکروٹمنٹ/سلیکشن کمیٹیز کے چیئر مین و ممبران کے نام، عہدہ اور جاری کردہ نوٹیفکیشنز کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆495 __سید عزیز اللہ آغا رُکن اسمبلی__ __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 9 جون 2021__

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 تا 2021 کے دوران پشین اور قلعہ عبداللہ کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے کن کن زمینداروں کی زرعی اراضیات پر پختہ نالیاں اور تالاب تعمیر کیے گئے ان کے نام بمعہ ولدیت، نالی وتالاب پر آمدہ لاگت اور کلی/ گاوں کی ضلعوار تفصیل دی جائے۔

__وزیر زراعت__ __جواب موصول ہونے کی تاریخ 3 اگست 2021__

جواب آخر پر منسلک ہے۔

☆496 __سید عزیز اللہ آغا رُکن اسمبلی__ __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 9 جون 2021__

کیا وزیر زراعت از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سال 2018 تا 2021 کے دوران قلعہ عبداللہ اور پشین کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے کن کن زمینداروں کے حق میں کسقدر بلڈوزر آوورز جاری کیے گئے ان کے نام بمعہ ولدیت، تعداد گھنٹے اور کلی/ گاوں کی سال وضلعوار تفصیل دی جائے۔

__وزیر زراعت__ __جواب موصول ہونے کی تاریخ 3 اگست 2021__

محکمہ زرعی انجینئر نگ کی جانب سے سال 2018 تا 2021 کے دوران قلعہ عبداللہ اور پشین کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے جن جن زمینداروں کے حق میں بلڈوزر آورز جاری کیئے گئے کے نام بمعہ ولدیت، تعداد گھنٹے اور کلی/ گاوں کی سال وضلعوار تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆451 __میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی__ __نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 1 جون 2021__

کیاوزیرا یکسائزاینڈٹیکسیشن ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

محکمہ ا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن ضلع لسبیلہ میں تعینات کردہ آفیسران کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ ،گریڈ،عرصہ تعیناتی اورلوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے۔

**وزیرا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن** — **جواب موصول ہونے کی تاریخ 24 جون 2021**

محکمہ ا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن بلوچستان ضلع لسبیلہ میں تعینات کردہ آفیسران کے نام بمعہ ولدیت ،عہدہ ،گریڈاور موجودہ آسامی پر عرصہ تعیناتی اورلوکل/ ڈومیسائل کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆452 **میر زابدعلی ریکی رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 1 جون 2021**

کیاوزیرا یکسائزاینڈٹیکسیشن ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

جنوری 2019 تادسمبر 2020 کے دوران ضلع لسبیلہ میں کل کسقدر ربڑی، چھوٹی گاڑیوں اورموٹرسائیکلوں کی رجسٹریشن کی گئی ان کے مالکان کے نام بمعہ ولدیت گاڑی وموٹرسائیکل نمبراور چیسس نمبر کی تفصیل دی جائے۔

**وزیرا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن** — **جواب موصول ہونے کی تاریخ 24 جون 2021**

محکمہ ا یکسا ئز اینڈٹیکسیشن بلو چستا ن ضلع لسبیلہ میں از جنوری 2019 تا دسمبر 2020 کل 1084 گا ڑیا ں رجسٹر ڈ ہوئیں ان کے مالکان نام بمعہ ولدیت ،گاڑی وموٹر سا ئیکل نمبر اور چیسس نمبر کی تفصیل ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں

☆453 **میر زابدعلی ریکی رُکن اسمبلی** — **نوٹس موصول ہونے کی تاریخ 1 جون 2021**

کیاوزیرا یکسائزاینڈٹیکسیشن ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

جنوری 2019 تا 2021 کے دوران محکمہ ا یکسا ئز کو گاڑیوں اورموٹرسائیکلوں کے رجسٹریشن کی مدمیں کل کسقدر آمدنی (ریونیو) حاصل ہوئی سال وار تفصیل دی جائے۔

**وزیرا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن** — **جواب موصول ہونے کی تاریخ 24 جون 2021**

محکمہ ا یکسا ئزاینڈٹیکسیشن بلوچستان کو سال 2019 تا 2021 کے دوران گاڑیوں اورموٹرسائیکلوں کی رجسٹریشن اورروڈ ٹیکس کی مدمیں حاصل شدہ آمدنی (ریونیو) کی ضلع وار تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

کوئٹہ
مورخہ 5/اگست 2021

سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی